سوال

بخاری اور مسلم کے علاوہ احادیث صحیحہ کو جمع کرنے والے اور کون ہیں (جو صحیح مانی جاتی ہیں) ؟ الحمد للہ بخاری اور مسلم رحمہما اللہ کے علاوہ بھی کچھ ایسے علماء ہیں جنہوں نے احادیث صحیحہ کو جمع کیا ہے مثلا ابن خزیمۃ اور ابن حبان نے اپنی صحیح ابن حبان اور صحیح ابن خزیمۃ میں، اور ابن السکن نے اپنی صحیح اور امام حاکم نے مستدرک حاکم میں ، اور ضیاء المقدسی نے المختارۃ میں۔ لیکن ان میں سے کسی کا بھی یہ کام صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے درجہ تک نہیں پہنچا۔ .

جواب

الحمد للہ

بخاری اور مسلم رحمہما اللہ کے علاوہ بھی کچھ ایسے علماء ہیں جنہوں نے احادیث صحیحہ کو جمع کیا ہے مثلا ابن خزیمۃ اور ابن حبان نے اپنی صحیح ابن حبان اور صحیح ابن خزیمۃ میں، اور ابن السکن نے اپنی صحیح اور امام حاکم نے مستدرک حاکم میں، اور ضیاء المقدسی نے المختارۃ میں۔

لیکن ان میں سے کسی کا بھی یہ کام صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے درجہ تک نہیں پہنچا۔ .